نیلام عام

قومی زرعی تحقیقاتی مرکز اسلام آباد میں آڑو اور ناشپاتی کے باغات کی نیلامی مورخہ 18 اپریل 2024 بوقت 10:30 بجے فروٹ پروگرام، HRI میں منعقد ہوگی۔ خواہشمند حضرات اس نیلامی میں ہمراہ قومی شناختی کارڈ حصہ لے سکتے ہیں۔ بولی میں درج ذیل شرائط وضوابط کے تحت حصہ لیا جاسکتا ہے۔

۱۔ نیلامی میں حصہ لینے والے حضرات اپنا اصل شناختی کارڈ بمعہ فوٹو کاپی ساتھ لائیں۔

۲۔ کامیاب بولی دہندہ 50 فیصد رقم موقع پر جمع کروانے کا پابند ہوگا۔

۳۔ کامیاب بولی دہندہ بقایا 50 فیصد رقم پھل کے برداشت کے شروع میں یا مئی، 2024 کے دوسرے ہفتے تک جمع کروانے کا پابند ہوگا۔

۴۔ اگر کامیاب بولی دہندہ مجموعی رقم مقررہ وقت تک (مئی، 2024 کے دوسرے ہفتے تک) جمع کروانے میں ناکام رہا تو اس کی جمع شدہ رقم ضبط ہو جائے گی اور پھل محکمے کی ملکیت ہوگی۔

۵۔ کامیاب بولی دہندہ پھل کی حفاظت کا خود ذمہ دار ہوگا۔

۶۔ کامیاب بولی دہندہ محکمہ کی اجازت کے بغیر پھل پر کسی قسم کا کیڑے مار یا بیماری کا سپرے نہیں کرے گا۔

۷۔ کامیاب بولی دہندہ اپنے رہائشی ٹینٹ کا انتظام خود کرے گا جو کہ باغ میں لگائے گا۔

باغات کا معائنہ دفتری اوقات کار میں مورخہ 08 اپریل سے لیکر 18 اپریل 2024 تک کیا جاسکتا ہے۔ مزید معلومات کیلئے ڈائریکٹر ہارٹیکلچر سے رابطہ کریں۔

منجانب

ڈائریکٹر ہارٹیکلچرل ریسرچ انسٹیٹیوٹ این اے آر سی

اسلام آباد

رابطہ نمبر: 051-9255027